سوال

اجتماعی درود شریف پڑھنا   اگر جمعہ کے دن گھر میں اجتماعی طور پر درود شریف کا ختم کرنا کیسا ھے

جواب

اجتماعی درود شریف پڑھنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ جمعہ کے دن گھر میں اجتماعی طور پر درود شریف کا ختم کرنا کیسا ہے؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! نبی کریم ﷺ پر کثرت سے درود پڑھنا اللہ تعالی کا حکم ہے۔ اوراس کے متعدد فضائل احادیث نبویہ میں موجود ہیں۔ ارشاد باری تعالی ہے: إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا (الاحزاب:56) بے شک اللہ تعالی اوراس کے فرشتے نبی کریم پر رحمت بھیجتے ہیں ،اے ایمان والو تم بھی ان پر درود وسلام بھیجو۔ سیدنا عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول ا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: (مَنْ صَلَّى عَلَيَّ وَاحِدَةً، صَلَّى ا عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا) "جو شخص مجھ پر ایک بار درود پڑھتا ہے، اس پرا تعالیٰ اپنی دس رحمتیں نازل فرماتا ہے"۔ (مسلم:384) لیکن اس طرح اجتماعی طور پر گھر میں درود پڑھنے کے حوالے سے چونکہ کوئی نص نہیں ملتی ہے لہذا اس سے بچنا ہی بہتر ہے تاکہ کہیں یہ بدعت نہ بن جائے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی